CGMA
Foundation

پریس ریلیز

کیپٹن (ر) غلام محمد اعوان کی برسی کے موقع پر خصوصی دعائیہ تقریب اور تعلیمی سیمینار کا انعقاد

اوگالی، وادی سون، 01 دسمبر 2024 CGMA فاؤنڈیشن اور جامعہ آمنہ کی جانب سے کیپٹن (ر) غلام محمد اعوان کی چوتھی برسی کے موقع پر خصوصی دعائیہ تقریب اور تعلیمی سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس میں علاقے کے عوام نے بھرپور شرکت کی۔

کیپٹن اعوان کی شخصیت وادی سون کی تعلیمی و معاشرتی ترقی میں ایک اہم مقام رکھتی ہے اور ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔۔ تقریب میں معروف اسلامی اسکالر ڈاکٹر سلطان سکندر نے خصوصی خطاب کیا جس میں انہوں نے معاشرتی فلاح و بہبود اور سوشل ویلفیئر کے حوالے سے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں گفتگو کی۔ انہوں نے معاشرتی بھلائی اور سوشل ویلفیئر کے اسلامی اصولوں کے ذریعے معاشرتی مسائل کے حل کے لیے رہنمائی فراہم کی۔

جامعہ آمنہ میں ایک خصوصی تعلیمی سیمینار بعنوان "بچوں کی تعلیم و تربیت: قرآن و سنت کی روشنی میں" منعقد کیا گیا جس میں والدین کو بچوں کی تعلیم و تربیت کے حوالے سے رہنمائی فراہم کی گئی۔ ڈاکٹر سلطان سکندر نے سیمینار کے دوران والدین کو جدید دور کے چیلنجز سے نمٹنے کے عملی مشورے دیے اور اسلامی تعلیمات کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ اس سیمینار کا مقصد والدین کو بچوں کی تعلیم اور تربیت میں ان کے اہم کردار کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا تھا۔

تقریب کے دوران ان رضاکاروں میں شیلڈز بھی تقسیم کی گئیں جنہوں نے گزشتہ سال فاؤنڈیشن کے مختلف منصوبوں میں نمایاں کردار ادا کیا۔ اس کے علاوہ دستار بندی کی تقریب اور سالانہ کارکردگی رپورٹ بھی پیش کی گئی، جس میں سی جی ایم اے فاؤنڈیشن کی 2024 کے دوران تعلیم، صحت، اور کمیونٹی خدمات کے شعبوں میں نمایاں کامیابیوں کا جائزہ پیش کیا گیا۔ فاؤنڈیشن نے اسکول کے نصاب کو جدید تقاضوں کے مطابق ڈھالا اور بہترین اساتذہ کی تعیناتی کی۔ والدین کی سہولت کے لیے موبائل ایپ اور اسکول میں کیمرے نصب کیے گئے، جبکہ والدین کی رہنمائی کے لیے مختلف سیمینارز کا انعقاد بھی کیا گیا۔ اسکالرشپ پروگرام کے تحت مستحق طلبہ کی مالی مدد کی گئی۔
اسکل ڈیولپمنٹ سینٹر کے تحت سلائی کڑھائی، اور کمپیوٹر کورسز منعقد کیے گئے، جس سے دو درجن سے زائد طلبہ نے معاشی مواقع حاصل کیے۔
صحت کے شعبے میں 30 سے زائد گاؤں میں میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا۔ یہ اپنی نوعیت کا پہلا کیمپ تھا جو وادی سون کے ہر گاؤں تک پہنچا۔ متعدد ایمبولینس سپورٹ کیسز فراہم کیے گئے، جس سے مقامی آبادی کو صحت کی بہتر سہولیات میسر آئیں۔ اس کے علاوہ، خوراک کی تقسیم اور ملازمت کے مواقع پیدا کرنے کے ذریعے کمیونٹی کی بہتری کے لیے بھی کردار ادا کیا گیا۔

سی جی ایم اے فاؤنڈیشن کے چیئرمین حیدر اعوان نے اپنے اختتامی کلمات میں تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ یہ تقریب نہ صرف کیپٹن اعوان کی یاد میں منعقد کی گئی ہے **بلکہ اس کا مقصد کمیونٹی کو جوڑنا اور مثبت اقدامات کی ترغیب دینا بھی ہے۔**

تقریب کا اختتام دعا کے ساتھ کیا گیا، جس کے بعد تمام شرکاء کے لیے کھانے کا انتظام تھا۔

مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم رابطہ کریں:
فون: 0306 1676660
ای میل foundation.cgma@gmail.com
ویب سائٹ www.cgmafoundation.org (فیس بک) https://www.facebook.com/cgma.foundation
پتہ: گاؤں اوگالی، سون ویلی سکیسر، تحصیل نوشہرہ، ضلع خوشاب

سی جی ایم اے فاؤنڈیشن:
سی جی ایم اے فاؤنڈیشن 2021 میں قائم کی گئی، اور سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ، 1860 کے تحت رجسٹرڈ ہے۔ یہ فاؤنڈیشن سون ویلی میں صحت، تعلیم، اور انسانی امداد کے شعبوں میں خدمات انجام دے کر لوگوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے۔